19-07-2026

Time:12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

بارش

جموں کشمیر میں آج علیٰ الصبح درمیانہ سے بھاری بارشوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔

اگر چہ کشمیر وادی میں ہلکی تا درمیانہ درجے کی بارشیں ہوئیں تاہم جموں خطے کے راجوری اور پونچھ اضلاع کے بعض علاقوں میں بھاری بارشوں کی وجہ سے عوامی املاک کو نقصان پہنچنے کے علاوہ کئی مقامات پر جانی نقصان کی بھی اطلاعات ہیں۔

ایل جی/سی ایم

ادھرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمر عبدﷲ نے جموں کے راجوری اور پونچھ مینشدید بارشوں کے بعد پیداشدہ صورتحال کا جائزہ لیا ۔انہوں نے متاثرین کو ہر ممکن سہولیات بہم پہنچانے کی افسران کوہدایت دیں۔ انہوننے جانی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوارکنبونکے ساتھ تعزیت کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انہوننے ضلع انتظامیہ کے اعلیٰ حکام سے بات کرکے صورتحال کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ سول انتظامیہ ، پولیس ، فوج، ایس ڈی آر ایف اور مقامی رضاکاروں کی امدادی ٹیمیں زمینی سطح پر سرگرم عمل ہیں۔ ایل جی نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے۔

ادھر وزیراعلیٰ عمر عبدﷲ نے کہا کہ وہ راجوری اور پونچھ اضلاع کے بعض علاقوں مینبھاری بارشوں کے بعد پیداشدہ صورتحال پرمسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ایک شوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وہ مقامی ممبران اسمبلی اورانتظامیہ کے دیگر افسران کے ساتھ رابطہ میں ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وہ آج صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے متاثرہ علاقوں کا دورہ

ٰ بھی کررہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہاکہ متاثرین کیلئے راحت رسانی اور قیمتوں جانوں کا تحفظ سرکاراولین ترجیحی ہے۔

امت شاہ فون

ادھرمرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ٹیلی فون پر رابطہ کرکے جموں خطے کے پونچھ اور راجوری علاقونمیں پیداشدہ موسمی صورتحال کے حوالے سے جانکاری حاصل کی۔

انہوں نے متاثرین کی امداد کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ۔

یاترا معطل

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر آج دونوں روایتی راستوں باتل اور پہلگام سے عارضی طور پرامعطل ہے۔ صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ یاترا کے راستے پر خراب موسمی صورتحال کے تناظر میں یاتریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے احتیاطی اقدام کے طور پر لیا گیاہے۔

یاتریونسے کہا گیا ہے کہ وہ جموں، اودھمپور اور رام بن میں اپنے مقررہ قیام گاہوں پر ہی رہیں اور حکام کی جانب سے مزید ہدایات کا انتظار کریں۔

واضح رہے سنیچر کی شام تک پونے4لاکھ کے قریب یاتریوں نے پوتر گپھاپر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

ادھرشری ماتا ویشنو دیوی یاترا بھی حکام نے خراب موسم کے باعث آج عارضی طورپر معطل کی ہے۔

تعطیلات

حکومت نے جمونو کشمیر مینجاری گرمائی تعطیلات میں مزید3روز کی توسیع کی ہے۔ یہ تعلیمی ادارے اب22جولائی تک بند رہیں گے۔

اس حوالے سے وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ تعطیلات میں اضافہ ممکنہ ناموافق موسمی صورتحال کے پیش نظر کیا گیاہے۔

نتائج

CBSE نے آج دسویں جماعت کے دوسرے بورڈ امتحانات2026 کے نتائج اعلان کردیاہے۔ طلبا اپنے نتائج ڈیجی لاکر ریزلٹ پوٹل results.digilocker.gov.in پر دیکھ سکتے ہیں۔

پارلیمنٹ

مرکزی حکومت نے کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل آج سبھی سیاسی جماعتوں کے فلور لیڈرس کی میٹنگ طلب کی ہے۔

میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقے پر چلانے کیلئے سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کرے گی۔

واضح رہے کہ پارلیمنٹ کایہ مون سون اجلاس13اگست کو اختتام کو پہنچے گا۔اجلاس کے دوران بحث اور منظوری کیلئے متعدد بل پیش کئے جائیں گے۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یومِ آزادی کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریونکا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروناورآئی جی پی کشمیرکے علاوہ سبھی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔

میٹنگ میں تقریبات کے بہتر انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی، بین محکمہ جاتی تال میل پر زور دیاگیا۔ڈویژنل کمشنر نے مرکزی تقریب کے انعقاد کیلئے مختلف محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کیں۔

اس موقعے پرڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے اضلاع مینیوم آزادی کی تقریبات کے احسن انعقاد کے لئے مربوط اور جامع انتظامات کریں۔

ادھراننت ناگ ، شوپیاں ،بانڈی پورہ کے ضلع ترقیاتی کمشنروں نے بھی یوم آزادی تقریبات کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کی غرض سے اعلیٰ سطحی میٹنگو ں کی صدارت کر کے تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

جسٹس سنجیو

جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس اور لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹو چیئرمین سنجیو کمار نے کہاہے کہ منشیات کا استعمال معاشرے کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکا ہے اور نوجوان نسل کو بچانے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔وہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پلوامہ میں ایک بیداری پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ

---

©’احتیاط علاج سے بہتر‘ ہے اصول پر عمل کریں۔

ڈی سی بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں عوام کو مناسب پینے کے پانی کی سپلائی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے متعلقہ محکمہ کوہدایت دی کہ وہ ایگریمنٹ کے بغیر کنکشوں کے خلاف مہم شروع کریں۔ وہ جلی شکتی محکمہ کی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔